اخبار الجامعہ

جامعہ علوم اثریہ اور جامعہ اثریہ للبنات میں

نئے تعلیمی سال کا داخلہ شروع ہو گیا

دو ماہ کی سالانہ تعطیلات کے بعد مؤرخہ ۱۱ شوال ۱۴۱۹ ہجری بمطابق ۳ فروری ۹۹ء کو نئے تعلیمی سال کیلئے جامعہ کھل گیا۔ جہاں قدیم طلبہ کی آمد کے ساتھ ساتھ نئے طلبہ بھی مختلف شعبہ جات میں داخلہ کیلئے جوق در جوق آرہے ہیں۔ داخلہ میرٹ پر اور انٹرویو کے بعد کیا جاتا ہے۔ امیدوار کیلئے پرائمری پاس ہونا لازی شرط ہے جبکہ حافظ قرآن مڈل یا میٹرک پاس طلبہ کو ترجیح دیجاتی ہے۔ داخلہ کے وقت امیدوار کے ہمراہ سرپرست کا آنا لازمی ہے۔

جامعہ اثریہ للبنات میں اگرچہ دو ماہ کی تعطیلات موسم گرما میں ہوتی ہیں، مگر عید الفطر کی چھٹیوں کے بعد ۱۱ شوال سے نئے تعلیمی سال کا داخلہ شروع کیا جاتا ہے۔ اس جامعہ میں بھی دور و نزدیک سے طالبات داخلہ کیلئے آرہی ہیں۔ یہاں پر وفاق المدارس کے نصاب کے علاوہ فاضل عربی کلاس گذشتہ سال سے بڑی کامیابی سے جاری ہے۔

لہذا داخلہ کے خواہشمند طلبہ وطالبات جلد رجوع کریں۔ البتہ پرائمری وہائی سکولوں میں زیر تعلیم طلبہ وطالبات اپنے اپنے سکولز میں سالانہ امتحانات میں شرکت کے بعد جامعہ میں داخلہ کیلئے آسکتے ہیں ان کیلئے خصوصی گنجائش رکھی گئی ہے۔

جامعہ کے خوب صورت کیلنڈر کی اشاعت

جامعہ کے فضائی منظر والے خوبصورت رنگین (فور کلر) کیلنڈر 1999ء بمطابق ۱۴۱۹۔۱۴۲۰ھ کی اشاعت عمل میں آچکی ہے۔ خواہشمند حضرات پانچ روپیہ کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر طلب کر سکتے ہیں۔

جامعہ کی طرف سے 35 حفاظ کی تقرری

امسال جامعہ علوم اثریہ کی طرف سے جہلم اور گردونواح کی 35 مساجد میں حفاظ کرام کو نماز تراویح میں قرآن مجید سنانے کیلئے بھیجا گیا۔ جہاں سے ان کی بہتر کارکردگی کی رپورٹس جامعہ کو موصول ہوئیں۔ اللھم زد فزد۔

حاجی بشیر احمد زرگر صاحب کو دوہرا صدمہ

جامع مسجد اہلحدیث محلہ مستریاں کے خزانچی حاجی بشیر زرگر صاحب کو گذشتہ دنوں دوہرے صدمہ سے دوچار ہونا پڑا۔ پہلے ان کی ہمشیرہ کا انتقال ہوا اور اگلے روز ان کی اہلیہ محترمہ بھی اس دنیا سے رخصت ہو گئیں۔ ابھی وہ اپنی ہمشیرہ جو کہ میرپور میں رہائش پذیر تھیں ان کے نماز جنازہ سے فارغ نہیں ہوئے تھے کہ انہیں میرپور میں ہی یہ افسوس ناک اطلاع ملی کہ انکی اہلیہ محترمہ جو کہ علاج کے لئے راولپنڈی ہسپتال میں داخل تھیں وہ فوت ہو گئی ہیں۔ (اناللہ وانا الیہ راجعون) اللہ تعالی مرحومین کی غلطیوں کو معاف فرمائے اور حاجی صاحب اور دیگر لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین